# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ تاریخ)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سٹرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

## مشقیں بھیجنے کا شیڈول

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر1 | 15-12-2026 | ...... | ...... |
| مشق نمبر2 | 08-01-2027 | مشق نمبر1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر3 | 30-01-2027 | ...... | ...... |
| مشق نمبر4 | 20-02-2027 | مشق نمبر2 | 20-02-2027 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔ | | | |

کورس: اقتصادی و تجارتی جغرافیہ (**409**) سمسٹر: خزاں، **2026**

سطح: بی اے

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کریں۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر 1
## (یونٹ نمبر 1 تا 4)

سوال نمبر 1 خالی جگہ پر کریں۔ (20)

1- شمال اور جنوب کی تقسیم............ بنیادوں پر کی جاتی ہے۔
2- ترقی یافتہ ممالک کو............ کہا جاتا ہے۔
3- ترقی پذیر ممالک کو عموماً............ کا سامنا ہوتا ہے۔
4- شمالی ممالک میں............ کی شرح زیادہ ہے۔
5- جنوبی ممالک خام............ برآمد کرتے ہیں۔
6- عالمی تجارت میں طاقت کا مرکز............ ممالک ہیں۔
7- معاشی نظام کی ایک قسم............ معیشت ہے۔
8- شمال اور جنوب کے درمیان فرق............ بڑھا رہا ہے۔
9- وسائل کی غیر مساوی تقسیم............ کو جنم دیتی ہے۔
10- عالمی تجارت میں انصاف کا تصور............ ہے۔

سوال نمبر 2- شمال اور جنوب کے تصور کی وضاحت کریں اور مختلف معاشی نظاموں کی بنیاد پر دنیا کی معاشی تقسیم کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ شمال اور جنوب کے درمیان معاشی تفاوت کی وجوہات بیان کریں اور عالمی تجارت میں اس تقسیم کے اثرات کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 4- ماحولی وسائل اور تجارت کے باہمی تعلق پر بحث کریں اور واضح کریں کہ قدرتی وسائل عالمی تجارت کی سمت کا تعین کیسے کرتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر 5- عالمی تجارت کی ساخت اور ارتقا کا تجزیہ کریں اور ترقی یافتہ و ترقی پذیر ممالک کے کردار پر روشنی ڈالیں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر 2
## (یونٹ نمبر 5 تا 8)

سوال نمبر 1 مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں: (20)

1- ربڑ کی مختلف اقسام کے نام لکھیں۔
2- چائے کی عالمی تجارت میں ایشیا کی اہمیت بیان کریں۔
3- کافی کی کاشت کے لیے درجہ حرارت کی حد کیا ہے؟
4- پاکستان میں تمباکو کی صنعت کی اہمیت لکھیں۔

5- آم کو پھلوں کا بادشاہ کیوں کہا جاتا ہے؟

6- انگور کی عالمی تجارت کے دو بڑے ممالک لکھیں۔

7- جنگلات کے ضیاع کے دو اسباب بیان کریں۔

8- معتدل خطے کے جنگلات کی ایک خصوصیت لکھیں۔

9- گیاہستان میں خانہ بدوش گلہ بانی سے کیا مراد ہے؟

10- پاکستان میں گلہ بانی کے اہم علاقے کون سے ہیں؟

سوال نمبر2- چائے کی عالمی پیداوار اور تجارت پر تفصیلی مضمون تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3- تمباکو کی عالمی پیداوار، پاکستان میں کاشت اور تجارت کا جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر4- جنگلاتی پیداوار اور اس سے وابستہ صنعتوں (خصوصاً کاغذ کی صنعت) پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5- پاکستان میں گلہ بانی کی جغرافیائی تقسیم، مقاصد اور معاشی اہمیت پر بحث کریں۔ (20)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:40**

## امتحانی مشق نمبر3

## (یونٹ نمبر9 تا12)

سوال نمبر1 (الف) خالی جگہ پر کریں: (20)

1- دور جدید میں صنعتی ترقی کا انحصار........... پر ہے۔

2- خام لوہے سے........... تیار کیا جاتا ہے۔

3- تانبا ایک بہترین........... موصل ہے۔

4- کرومائٹ فولاد کو........... بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

5- کوئلہ زیادہ تر........... گھروں میں استعمال ہوتا ہے۔

6- پاکستان میں پیٹرولیم کے ذخائر........... میں پائے جاتے ہیں۔

7- پن بجلی ماحول دوست........... کا ذریعہ ہے۔

8- ایٹمی توانائی کی بنیاد........... عمل پر ہے۔

9- شمسی توانائی قابل........... توانائی ہے۔

10- سمندر خوراک کے ساتھ ساتھ........... وسائل بھی فراہم کرتا ہے۔

(ب) درج ذیل عنوانات پر نوٹ لکھیں۔ (20)

1- متفرق دھاتیں اور ان کی افادیت

2- معدنی تیل کی عالمی پیداوار

3- ایٹمی توانائی کی اہمیت
4- سمندر بطور خوراک کا مخزن
5- پاکستانی سمندر میں تیل اور گیس

سوال نمبر 2- تانبے کی عالمی پیداوار، تجارتی اہمیت اور صنعتی استعمال پر تفصیلی مضمون تحریر کریں۔ (15)

سوال نمبر 3- معدنی تیل کی عالمی تجارت اور پاکستان میں پیٹرولیم کی صورتِ حال کا تجزیہ کریں۔ (15)

سوال نمبر 4- ایٹمی توانائی اور پن بجلی کا تقابلی جائزہ پیش کریں۔ (15)

سوال نمبر 5- سمندری معدنی وسائل اور پاکستان کے لیے ان کی معاشی اہمیت پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (15)

**کل نمبر: 100** **کامیابی کے نمبر: 40**

## امتحانی مشق نمبر 4
## (یونٹ نمبر 13 تا 16)

سوال نمبر 1- خالی جگہ پر کریں۔ (20)

1- مصنوعی ریشے کی تیاری میں.......... مادے استعمال ہوتے ہیں۔
2- ریشمی پارچہ بانی کی صنعت کا تعلق.......... علاقوں سے ہے۔
3- پاکستان میں اونی صنعت نسبتاً.......... پیمانے پر قائم ہے۔
4- چقندر کی کاشت کے لیے.......... مٹی موزوں سمجھی جاتی ہے۔
5- ڈیری صنعت کی بنیادی پیداوار.......... ہے۔
6- مکھن اور پنیر.......... صنعت کی مصنوعات ہیں۔
7- مرغ بانی خوراک کی صنعت کا ایک.......... شعبہ ہے۔
8- بھاری صنعتوں میں سرمایہ کاری.......... نوعیت کی ہوتی ہے۔
9- مشینری کی صنعت صنعتی ترقی کی.......... سمجھی جاتی ہے۔
10- سمندری جہازوں کی صنعت کا تعلق.......... تجارت سے ہے۔

سوال نمبر 2- ریشمی پارچہ بانی کی صنعت، پیداوار عالمی تقسیم اور تجارت پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 3- خوراک کی صنعت کے عوامل اور آبادی میں اضافے کے اثرات پر تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- گوشت اور ڈیری صنعت کا تقابلی مطالعہ کریں اور عالمی تجارت میں ان کی اہمیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- موٹر گاڑیوں اور مشینری کی صنعت کو بھاری صنعتوں کی بنیاد کیوں کہا جاتا ہے؟ وضاحت کریں۔ (20)